# 16-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ اسٹارٹ اپ انڈیا صرف ایک اسکیم نہیں ہے بلکہ نئے مواقعوں کے ساتھ جوڑنے والی رینبو ویژن ہے۔

۲۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ میٹرو کے پہلے مرحلہ کے لین دین مکمل ہونے کے بعد ہی دوسرے مرحلہ کے کاموں پر مرکزی حکومت کارروائی کرے گی۔

۳۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ ریاست کی ترقی کیلئے درپیش فنڈ کو حاصل کرنے وہ وزیراعظم کے علاوہ مرکزی وزرأ سے ملاقات کریں گے۔

اور

۴۔سپریم کورٹ نے ارکانِ اسمبلی نااہلی کے معاملہ میں چار ہفتوں میں پوچھ تاچھ کے بعد اس کو مکمل کرنے اسپیکر کو مشورہ دیا۔

CM - Chanaka Korata

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج عادل آباد ضلع کے بھوراج منڈل ہاتھی گھاٹ میں چنا کاکوراٹا پمپ ہاؤز کاافتتاح کرتے ہوئے نہر کیلئے پانی چھوڑا۔اس دورے کے موقع پر وزیراعلیٰ نے 386 کروڑ کے ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔بعدازاں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے نرمل ضلع کے ماڈا منڈل پونکل میں گوداوری ندی پر تعمیر کئے گئے سدرماٹ بیاریج کا بھی افتتاح کیا۔اس پروگرام میں ریاستی وزرا اتم کمار ریڈی، جوپلی کرشنا راؤ کے علاوہ مقامی ارکان اسمبلی ،عوامی نمائندے اور سرکاری عہدیداروں نے شرکت کی۔

Startup india Prime Minister

نئ دہلی میں قومی اسٹارٹ اَپ ڈے کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ اِس تقریب سے وزیر اعظم نریندر مودی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسٹارٹ اپ انڈیا صرف ایک اسکیم نہیں ہے بلکہ نئے مواقعوں کے ساتھ جوڑنے والی رینبو ویژن ہے۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ اسٹار اپ انڈیا مشن صرف 10 سال کے عرصہ میں ایک انقلاب میں تبدیل ہوئی ہے۔ ملک بھر میں نئے اختراعات کو پروان چڑھا رہی ہے۔ ہندوستان دنیا بھر میں تیسرا بڑا اسٹارٹ اَپ کا نظام ہے۔

Sound Byte PM Modi

Hot Air Balloon Festival

ریاستی وزیر سیاحت جو پلی کرشنا راؤ نے گولکنڈہ قلعہ کے قریب Hot Air Balloon Festival کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ریاستی وزیر جو پلی کرشنا راؤ نے بات کرتے ہوئے کہا کہ تلنگانہ کے تاریخی وراثت کو بین الاقوامی سطح تک لے جانا ہی حکومت کا مقصد ہے۔ اس موقع پر ریاستی وزیر نے فیسٹول کے افتتاح کے بعد Hot Air Balloon میں تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ تک 13 کلومیٹر کا تفریحی سفر کیا۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے حیدرآباد میٹرو ریل کے دوسرے مرحلہ کے کاموں سے متعلق وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو ایک خط لکھا۔ اِس خط میں کشن ریڈی نے کہا کہ دوسرے مرحلہ کے کاموں کیلئے مرکزی وزیر شہری ترقیات منوہر لال کھٹر سے تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میٹرو کے پہلے مرحلہ کے لین دین مکمل ہونے کے بعد دوسرے مرحلہ کے کاموں پر مرکزی حکومت کارروائی کرے گی۔ ایل اینڈ ٹی سے میٹرو نٹ ورک کو ریاستی حکومت اپنی تحویل میں لینے کے بعد میٹرو کے دوسرے مرحلہ کے کاموں کے تجاویز کو مرکزی حکومت کو پیش کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے اس طریقہ کار کو جہاں تک ممکن ہو سکے

جلد مکمل کرنے کی مانگ کی۔ کشن ریڈی نے دوسرے مرحلہ کے کاموں کیلئے مرکزی اور ریاستی حکومت کی جانب سے تشکیل دی جانے والی کمیٹی میں ریاست سے دو عہدیداروں کا نام روانہ کرنے کا مطالبہ کیا۔

MLAS Disqualified Case

ریاست میں ارکانِ اسمبلی کے نااہلی کیس کے معاملہ پر آج سپریم کورٹ میں جسٹس سنجے کرول اور جسٹس مسیح کی بنچ نے سماعت کی۔ اِس موقع پر اسپیکر کی جانب سے لئے گئے فیصلہ پر اُن کے وکیل جسٹس ابھیشیک سنگھوئی نے کورٹ میں ایک رپورٹ پیش کی جس میں انہوں نے کہا کہ اب تک سات ارکانِ اسمبلی سے پوچھ تاچھ کے بعد فیصلہ جاری کیا گیا ہے جبکہ سپریم کورٹ کے احکامات کے عمل میں اسپیکر ناکام ہونے کا بی آر ایس کے وکلاء نے سپریم کورٹ کو واقف کروایا۔ اِس موقع پر سپریم کورٹ نے دیگر ارکانِ اسمبلی سے پوچھ تاچھ اور تحقیقات کے بعد چار ہفتوں میں اس کو مکمل کرنے کی ہدایت دی اور اس کیس کی سماعت آئندہ دو ہفتوں تک کیلئے ملتوی کر دی گئی۔

Vakiti Srihari

ریاستی وزیر واکٹی سری ہری نے کہا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کل ہفتہ کو محبوب نگر ضلع کا دورہ کرتے ہوئے تقریباً 1400 کروڑ روپیوں کے ذریعہ انجام دئے گئے مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اِس موقع پر وزیر اعلیٰ ایک جلسہ سے بھی خطاب کریں گے۔ ریاستی وزیر نے مزید کہا کہ حکومت تعلیم، صحت اور زراعت کے شعبوں کی ترقی کیلئے اہم ترجیح دے رہی ہے۔ فی الوقت محبوب نگر ضلع میں ہونے والے ترقیاتی کام تلنگانہ کیلئے ایک مثالی ثابت ہوں گے۔

Tumhala - Kadhi Farmers

ریاستی وزیر زراعت ٹی ناگیشور راؤ نے کہا کہ حکومت مارچ کے مہینہ تک ریاست میں تور کی خریداری کو جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایک کنٹل تور کی اقل ترین امدادی قیمت 8 ہزار روپے ہے۔ ریاست

میں تقریباً پانچ لاکھ ایکر اراضی پر تور کے فصل کی کاشت ہوئی ہے۔ کسانوں کو مناسب قیمت فراہم کرنا ہی عوامی حکومت کا مقصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوسری طرف اِس بار ریاست میں خریف سیزن کے دوران سب سے زیادہ اناج کی خریداری کرتے ہوئے نظام آباد ضلع پہلا مقام حاصل کیا۔

Vivek Venkataswamy

ریاستی وزیر وویک وینکٹ سوامی نے منچریال ضلع کے کیا تنا پلی میونسپلٹی میں 45 کروڑ روپیوں کی لاگت سے انجام دئے جانے والے سڑک اور ڈرینج کے تعمیراتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر ریاستی وزیر نے کہا کہ چنور اسمبلی حلقہ میں ایک سو کروڑ روپیوں کی لاگت کے ذریعہ امروت اسکیم کے ذریعہ چنور ،مندامری، کیا تنا پلی میونسپلٹی میں ہر گھر کو صاف و شفاف پینے کا پانی سربراہ کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید سومنا پلی میں دوسو پچاس کروڑ روپیوں کی لاگت کے ذریعہ انٹی گریٹیڈ اسکول بھی تعمیر کیا جارہا ہے۔

Medaram Jatara

ملگ ضلع میڈارم میں عقیدتمندوں کے ہجوم میں اضافہ ہوا ہے۔ سمکا سارالماں کے احاطہ میں جوش وخروش دیکھا جارہا ہے۔ میڈارم کے اطراف واکناف کے علاقے عقیدتمندوں سے بھرپور نظر آرہے ہیں۔ سمکا سارالماں کے درشن کیلئے عقیدتمند بڑی تعداد میں قطاروں میں ٹھہرے ہوئے ہیں۔ میڈارم میں عقیدتمندوں کے ہجوم کو دیکھتے ہوئے عہدیداروں نے خصوصی انتظامات کئے ہیں۔ ریاستی وزرائٹی سرینواس ریڈی اور سیتا اکا کی نگرانی میں جاترا کیلئے انتظامات تیزی سے جاری ہے۔

CM - Nirmal Meeting

ریاستی وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے نرمل میں منعقد کئے گئے پرجا پالنا۔ پرگتی باٹا ایک جلسہ سے خطاب کیا۔ اِس موقع پر وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریاست کی ترقی کیلئے درپیش فنڈ کو حاصل کرنے کے لئے وہ وزیراعظم نریندر مودی کے علاوہ مرکزی وزرائے سے ملاقات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی

اجازت سے ہی ریاست کو فنڈ اور پروجیکٹ آتے ہیں اِس لئے وہ مسلسل وزیراعظم مودی سے ملاقات کررہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ حکومت غریب عوام کو باریک چاول، 200 یونٹ مفت بجلی سربراہ کررہی ہے۔ باریک چاول کی پیداوار کیلئے کسانوں کو فی کنٹل پانچ سو روپے بونس بھی دیا جارہا ہے۔

Sound Byte Revanth Reddy

Shab-e-Meraj

آج شب معراج ہے۔ اسلامی مہینہ رجب کی 27 ویں شب کو منائی جاتی ہے۔ یہ وہ مقدس رات ہے جب اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب حضرت محمد ﷺ کو مکہ مکرمہ سے بیت المقدس اور پھر آسمانوں کی سیر (معراج) کا شرف عطا فرمایا۔ شب معراج کے ضمن میں آج ریاست بھر کے مساجد میں جلسہ شب معراج کا انعقاد عمل میں لایا جارہا ہے۔ اس جلسوں سے علمائے کرام شب معراج کی فضیلت پر خطاب کریں گے۔ مسلمان اس رات عبادت، دعا اور اللہ کی قربت کے حصول میں مشغول رہتے ہیں۔

اسی ضمن میں شب معراج کے موقع پر گرین لینڈس، پی وی این آر ایکسپریس وے اور لنگر حوض فلائی اوور کو چھوڑ کر شہر کے تمام فلائی اوورس اور نکلس روڈ آج رات 10 بجے سے کل صبح تک بند رہیں گے۔ پولیس نے یہ بات بتائی۔ پولیس نے کہا کہ یہ فیصلہ عوام کی حفاظت کیلئے کیا گیا ہے۔

Medaram Cabinet

ریاستی کابینہ کا اجلاس اس مہینہ کی آٹھارہ تاریخ کو تاریخی مقدس مقام میڈارم میں منعقد ہوگا۔ اِس ضمن میں ریاستی چیف سکریٹری کے راما کرشنا راؤ نے سرکاری طور پر احکامات جاری کیئے۔ عام طور پر سکریٹریٹ میں منعقد ہونے والا یہ اجلاس اِس بار گریجن علاقہ میڈارم میں منعقد کرنے کا حکومت نے فیصلہ لیا ہے۔ ریاستی چیف سکریٹری نے کابینہ کے اجلاس سے متعلق انتظامات کو قطعیت دینے ملگ ضلع کلکٹر اور ایس پی کو ہدایت دی۔

Natural Farming

گزشتہ دس سالوں سے قدرتی طریقہ کار سے زراعت کو اپناتے ہوئے قومی اور ریاستی سطح پر ایوارڈ حاصل کرنے والے ونپرتی ضلع پدا گوڑم سے تعلق رکھنے والے ایک نوجوان کسان روی ساگر مختلف لوگوں کیلئے ایک مثالی ثابت ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قدرتی زراعت کے ذریعہ ہی ایک صحتمند سماج ،گاؤں اور ملک قائم ہوسکتا ہے۔

Sound Byte Ravi Sagar

○○